# 04-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

سرخیاں

۱۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کو آج غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا گیا ہے۔ اس سیشن کے دوران لوک سبھا میں 16 بلوں کو منظوری دی گئی۔

۲۔ کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹرئیل ریسرچ سنٹر فور سیلولر اینڈ مولیکیولر بائیولوجی سی ایس آئی آر۔ سی سی ایم بی نے ایک ایسا مولیکیولر ٹسٹ ڈیولپ کیا ہے جس میں خون کے معمولی قطرے سے جینٹک بیماری سیکل سیل انیمیا کی تشخیص کی جاسکتی ہے۔

۳۔ غیر موسمی بارش اور گرج چمک کی وجہ سے تلنگانہ کے کئی اضلاع میں فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔

۴۔ تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

SLBC:

ناگر کرنول کے دملا پنٹا میں ایس ایل بی سی سرنگ میں جزوی انہدام کے مقام پر ریلیف آپریشن میں تیزی لائی گئی ہے۔ کنویئر بلٹ سسٹم کی تجدید کی گئی ہے اور 24 گھنٹے کھدوائی کے کام کئے جارہے ہیں۔ ابھی تک دو لاشیں برآمد ہوئی ہیں اور وہ لواحقین کے حوالہ کردی گئی۔ حکام کی جانب سے آپریشن میں مزید تیزی لانے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس مقام پر مزید 6 ورکرس لاپتہ ہیں۔ ٹرنل پروجیکٹ کے خصوصی آفیسر شیو شنکر لوٹیتی نے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے مختلف ریلیف اور ریسکیو ایجنسیوں کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ صورتحال کا جائزہ لیا۔ بعد میں شیو شنکر نے بتایا کہ ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دے رہی ہیں اور ریلیف سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی گئی ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اور 7 سے 10 اپریل تک ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں آج اعظم ترین درجہ حرارت معمول کے مطابق رہا اور کل سے آئندہ تین دنوں تک اس میں 2 تا 3 ڈگری سلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع حیدرآباد، محبوب آباد، رنگاریڈی، کاماریڈی میں بھاری بارش ہوئی ہے جبکہ بھدرادری کوتہ گوڑم میں موسلا دھار بارش ریکارڈ کی گئی۔ اسی مدت کے دوران ریاست کے دیگر مقامات پر بھی بارش ہوئی۔

NEW PAR-ADJOURN:

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کو آج غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اسی کے ساتھ ہی رواں سال 31 جنوری کو شروع ہوئے بجٹ اجلاس کا اختتام ہوگیا۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اپنے اختتامی خطاب میں بتایا کہ بجٹ سیشن کے دوران ایوان کی کارروائی 118 فیصد کارآمد رہی۔ انہوں نے کہا کہ ایوان زیریں میں اس سیشن کے دوران 16 بلوں کو منظوری دی گئی۔ اس سے قبل پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ وقف ترمیمی بل 2025ء پر راجیہ سبھا میں 17 گھنٹوں تک بحث ہوئی جو کہ تاریخ کی سب سے زیادہ مدت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس بل پر لوک سبھا میں تقریباً 14 گھنٹے بحث کی گئی۔

Sound Byte

RIJIJU - PARL:

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے آج اختتام پذیر ہونے والے بجٹ سیشن کو کافی ثمر آور قرار دیا۔ نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کرن رجیجو نے کہا کہ وقف ترمیمی بل پر بحث کے دوران کسی بھی قسم کی خلل اندازی نہیں ہوئی ہے اور پارلیمنٹ کی تاریخ میں کسی بھی بل پر اتنی زیادہ بحث بھی نہیں ہوئی۔

DEMISE:

معروف اداکار منوج کمار چل بسے وہ 87 برس کے تھے۔ ان کے بیٹے کونال گوسوامی نے جانکاری دی کہ منوج کمار نے بیماری کے دوران آج صبح کی اولین ساعتوں میں آخری سانس لی۔ انہوں نے بتایا کہ ممبئی کے ولے پارلے میں کل صبح آخری رسومات انجام دی جائیں گی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکر، وزیر اعظم نریندر مودی، مہاراشٹرا کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس سمیت دیگر شخصیات نے منوج کمار کی موت پر تعزیت کا اظہار کیا۔

CSIR-CCMB:

کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ سنٹر فور سیلولر اینڈ مولیکیولر بائیولوجی سی ایس آئی آر۔ سی سی ایم بی نے ایک ایسا مولیکیولر ٹسٹ ڈیولپ کیا ہے جس میں خون کے معمولی قطرے سے جینٹک بیماری کی تشخیص کی جاسکتی ہے۔ اس کی مدد سے بیماری کی جامع تشخیص ممکن ہے۔ تجرباتی پراجکٹ کے تحت سی سی ایم بی نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کا انتخاب کیا تاکہ ضلع کی آبادی میں سیکل سیل انیمیا کی تشخیص کی جاسکے۔ سی سی ایم بی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ونئے اور سینئر سائنسداں جی آر چندک نے آج حیدرآباد میں منعقدہ ایک میڈیا کانفرنس کے دوران یہ جانکاری دی۔

SOUND Dr.VINAY

سی ایس آئی آر۔سی سی ایم بی نے پانچ ریاستوں بشمول جھارکھنڈ، مہاراشٹرا، راجستھان، مدھیہ پردیش اورچھتیس گڑھ میں پہلے ہی اس حوالہ سے مطالعہ کیا ہے۔ نئے ٹسٹ میں ایک ہی جانچ میں مرض کی تشخیص ہوتی ہے اور یہ کفایتی بھی ہے اوراس کا نتیجہ جلدی اور بہترآتا ہے۔

SOUND Dr.CHANDAK

ڈاکٹر چندک نے بتایا کہ جنیٹک مارکر کی نشاندہی سے ڈاکٹرس تھراپیز موثر طریقہ سے انجام دے سکیں گےاوراس سے مریض کی صحت میں سدھار میں بھی مدد ملے گی۔نیشنل ہیلتھ مشن سال 2047ء تک اس بیماری کے خاتمہ کے مقصد سے سال 2027ءتک صفر سے 40سال کی عمر کے 7 کروڑلوگوں کی اسکرننگ کامنصوبہ رکھتا ہے۔

IPL T20 CRICKET:

آئی پی ایل میں آج لکھنؤ کے اکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینز کا مقابلہ لکھنؤ سوپر جینٹس سے ہوگا۔شام ساڑھے سات بجے میچ کا آغاز ہوگا۔کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں کل کھیلے گئے ایک مقابلہ میں کولکتہ نائٹ رائیڈرس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 80رنوں سے شکست دی۔

MIM:

آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین نے تلنگانہ قانون سازکونسل کے انتخابات کے لئے مرزا ریاض الحسن آفندی کوایم ایل سی امیدوار نامزد کیا ہے۔آفندی ایم ایل اے کوٹہ کے تحت سال 2019ء سے قانون ساز کونسل کے رکن ہیں۔آفندی نے سال 2009ء سے اپنے سیاسی کیرئیر کی شروعات کی تھی۔جی ایچ ایم سی کےنورخاں بازارڈویژن کے وہ کارپوریٹرہ چکے ہیں۔ بعد میں وہ دبیرپورہ ڈویژن سے کارپوریٹر تھے۔ اس کے بعدانہیں ایم ایل سی بنایا گیا۔تلنگانہ قانون سازکونسل کےانتخابات 23اپریل کومقرر ہیں۔

RESTRICTION:

سائبرآباد پولیس نے حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کیمپس کانچہ گچی باؤلی میں آج سے تحدیدات عائد کی ہیں۔سپریم کورٹ آف انڈیا اورتلنگانہ ہائی کورٹ میں زیرسماعت مقدمات کے تحت 400ایکرمتنازعہ اراضی کے دائرہ میں یہ تحدیدات عائد رہیں گی۔ انسانی جان کے تحفظ اوراس کوکسی خطرہ سے بچانے کے لئے پولیس نے یہ احکامات جاری کئے۔مادھوپورڈی سی پی ڈاکٹرونیت نے بی این ایس ایس کی دفعہ 163 نافذ کی ہے۔

WAQF:

کانگریس ایم ایل سی عامر علی خان نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں وقف ترمیمی بل کی منظوری کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے مسلمانوں کے آئینی و مذہبی حقوق میں دانستہ طور پر مداخلت کی خطرناک کوشش قرار دیا۔ عامر علی خاں نے کہا کہ ملک بھر کے مسلمان اسے قبول نہیں کریں گے اوراس کے خلاف عوام احتجاج کریں گے اور عدالتوں سے رجوع کیا جائے گا۔ عامر علی خاں نے اس بل کو غیر آئینی اور غیر جمہوری اور وقف اداروں کو کمزور کرنے کی کوشش قرار دیا۔

TGBIE:

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے آئندہ تعلیمی سال 26-2025 کیلئے ریاست بھر کے جونیر کالجس کا اکیڈیمک کیلنڈر جاری کیا۔ نئے کیلنڈر کے مطابق 2 جون سے کلاسس کا آغاز ہوگا۔ دسہرہ کی تعطیلات 28 ستمبر سے 5 اکتوبر تک رہیں گی۔نومبر 10 سے 15 کے درمیان ششماہی امتحانات منعقد ہوں گے۔ 11 سے 18 جنوری 2026ء تک سنکرانتی کی تعطیلات رہیں گی۔

RAINS:

غیر موسمی بارش اور گرج چمک کی وجہ سے تلنگانہ کے کئی اضلاع میں فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ متاثرہ علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے بارش سے ہوئے نقصانات پر اپنی رپورٹ پیش کریں۔انہوں نے مارکیٹنگ ڈپارٹمنٹس کو بھی ہدایت دی کہ وہ کسانوں کی جانب سے مارکٹ یارڈ لائی گئی اجناس کے تحفظ کے لئے بھی ضروری اقدامات کریں۔عہدیداروں سے کہا گیا کہ وہ فوری طور پر گوداموں میں اجناس کو منتقل کریں۔تلنگانہ کے شمال، جنوب اور وسطی اضلاع میں کل ہوئی بارش، ژالہ باری اور تیز ہواؤں کی وجہ سے کافی نقصان ہوا ہے۔ مختلف واقعات میں پانچ لوگوں کی جان گئی ہے۔

OO